سوال

(114) راقم کانام پیدائشی والدین نے غلام نبی رکھا ہے الخ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

راقم کانام پیدائشی والدین نے غلام نبی رکھا ہے آج کل ہمارے یہاں ایک اہلحدیث عالم اس نام کوناجائزکہتے ہیں اورکہتے ہیں کہ اس ایک قسم کا شرک ہے اس کوبدل دو نیز وہ عالم صاحب غلام نبی ، غلام رسول ، غلام محمد، غلام جیلانی وغیرہ تمام ناموں کوناجائز بتاتے ہیں لہذااس کے متعلق جناب کی کیا رائے ہے ؟ (سائل غلام نبی طاہری دوکاندار سری نگر کشمیر)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مولوی صاحب مذکور کا قول ایک حدتک صحیح ہے حقیقی معنی میں سارے انسان صرف اللہ تعالی کے بندے و غلام ہیں اور وہی صرف سب کا حقیقی آقا ہے.جملہ انبیاء ورسل وپیر بھی اس کے بندے و غلام ہیں لہذا مخلوق کی نسبت صرف حقیقی مالک کی طرف ہونی چاہیئے آپ حضرت شہید غازی شاہ اسماعیل صاحب کی کتاب تقویۃ الایمان ہر دو حصوں کو پڑھنے حضرت شاہ صاحب نے اس قسم کے ناموں کوناجائز بتادیا ہے ۔ (اخبار اہلحدیث گزٹ دہلی جلد نمبر ۹ شمارہ نمبر ۱۳)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاوی علمائے حدیث

جلد 09 ص 281

محدث فتویٰ